# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## شعبہ سیرت سٹڈیز

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: سیرت طیبہ (436) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی اے/ایسوسی ایٹ ڈگری کریڈٹ: مکمل

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)**

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس رابطہ کار
ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ سیرت سٹڈیز

## امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ 1-5)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40 | کامیابی کے نمبر اے ڈی:50

سوال نمبر 1: مطالعۂ سیرت کی ضرورت اور اہمیت کیا ہے؟ نیز بتائیں کہ سیرت پر اتنی زیادہ کتابیں کیوں لکھی گئیں؟ مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2: وحی کے آغاز کا واقعہ اور وحی کی ضرورت و اہمیت تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3: ہجرتِ مدینہ کا پورا واقعہ تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4: صلح حدیبیہ کا پس منظر، بیعتِ رضوان اور معاہدے کی شرطیں تفصیل سے لکھیں۔ نیز یہ بتائیں کہ اسے ''فتحِ مبین'' کیوں کہا گیا؟ (20)

سوال نمبر 5: حجۃ الوداع کی تفصیل لکھتے ہوئے خطبۂ حجۃ الوداع کے اہم نکات واضح کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2
(یونٹ 6-9)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40 | کامیابی کے نمبر اے ڈی:50

سوال نمبر 1: محبتِ الٰہی اور مغفرتِ ذنوب کا دار و مدار اتباعِ رسول ﷺ پر کس طرح ہے؟ قرآنِ مجید کے احکامات اور احادیثِ مبارکہ کے حوالے سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: رسول اللہ ﷺ نے 'وحدتِ نسلِ انسانی' اور 'شرفِ انسانیت' کے قیام کے لیے جو عملی اقدامات فرمائے، ان کا مفصل جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 3: صلہ رحمی اور قرابت داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات اور آپ ﷺ کے ذاتی اسوہ مبارکہ کی تفصیل پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: عہدِ نبوی میں نظامِ تعلیم کے مختلف ادوار اور خواتین کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے آپ ﷺ کے طریقہ کار پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: دنیوی و اخروی کامیابی کے لیے دین و دنیا کی وحدت کا اسلامی تصور کیا ہے؟ اس ضمن میں آپ ﷺ کی رحمت کے مختلف مظاہر بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 3
(یونٹ 10-14)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40 | کامیابی کے نمبر اے ڈی:50

سوال نمبر 1: عصرِ حاضر میں سیرت پر کام کے نئے رجحانات لکھیں، جیسے: سیرت کانفرنسیں، سیرت پر مضامین/کتب، تراجم، بچوں کے لیے سیرت کی کتابیں، اور ''کتابیاتِ سیرت'' وغیرہ۔ (20)

سوال نمبر 2: مدینہ میں اسلامی ریاست کے قیام میں کون کون سی بڑی رکاوٹیں اور مشکلات تھیں؟ نبی ﷺ نے ان کا حل کیسے کیا؟ (20)

سوال نمبر 3: نبوی قانون سازی میں ''آسانی (عدمِ حرج)''، ''کم تکلیف (قلتِ تکلیف)'' اور ''تدریج'' سے کیا مراد ہے؟ ان تینوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: اسلامی ریاست میں شہری کے یہ حقوق کیسے محفوظ ہوتے ہیں: جان کا تحفظ، مال کا تحفظ، عزت و آبرو کا تحفظ، نجی زندگی کا تحفظ، اور رائے و عقیدے کی آزادی۔ (20)

سوال نمبر 5: تبلیغ کے قرآنی اصول لکھیں: حکمت، اچھی نصیحت، اچھے انداز سے بحث، اور دل جوئی (تالیفِ قلب)—— پھر بتائیں کہ نبی ﷺ نے ان اصولوں پر عمل کیسے کیا؟ (20)

## امتحانی مشق نمبر 4
(یونٹ 15-18)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40 | کامیابی کے نمبر اے ڈی:50

سوال نمبر 1: حسنِ معاشرت' سے کیا مراد ہے؟ رسول اللہ ﷺ کے طرزِ عمل کی روشنی میں خیر خواہی، عفو و درگزر اور امانت و دیانت کے پہلوؤں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: اسلام میں سود کی حرمت، دولت جمع کرنے کی ممانعت اور زکوٰۃ و صدقات کے معاشی اثرات پر سیرتِ نبوی سے مثالیں دے کر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: غزوہ احد سے فتحِ مکہ تک رسول اللہ ﷺ کے بطور سپہ سالار اختیار کیے گئے اقدامات اور جنگی حکمت عملی تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4: سیرتِ طیبہ کے بارے میں غیر مسلم دانشوروں (مثلاً تھامس کارلائل، لی مارٹن اور ڈے ون پورٹ) کے اعترافات اور ان کے تاثرات کا مفصل جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5: رسول اللہ ﷺ کی معاشی زندگی کے ابتدائی مراحل سے لے کر مدنی دور کے معاشی استحکام تک کے تمام پہلوؤں کا جائزہ پیش کریں۔ (20)